نمبر شمار	قرارداوں کی نوعیت اور تفصیل	میں/ہم قرارداوں پر رضامند ہیں (FOR)	میں/ہم قرارداوں کے خلاف ہیں (AGAINST)
1۔	مذکورہ بالا خصوصی قراردادیں		

شیئر ہولڈرز/ پراکسی ہولڈر/مجاز دستخط کنندہ کے دستخط:

(کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، براہ کرم کمپنی کا مہر لگادیں) _____

مقام:_____

تاریخ:_____

نوٹس:

1۔صحیح طریقے سے پُر شدہ پوسٹل بیلٹ چیئرمین کو A-53 لارنس روڈ، لاہور، یا chairman@nishatmills.com پر ای میل بھیجنا چاہیے۔

2۔CNIC، NICOP / پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔

3۔ پوسٹل بیلٹ فارم 30 نومبر 2026 شام 5:00 بجے کو یا اس سے پہلے صدر اجلاس تک پہنچ جانے چاہئیں۔ اس تاریخ / وقت کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔

4۔ باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں، بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ کسی بااختیار شخص کے CNIC کی کاپی، بورڈ ریزولوشن/ پاور آف اٹارنی/ اتھارٹی لیٹر وغیرہ کی تصدیق شدہ کاپی کے ساتھ ہونا ضروری ہے۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (س) 138 یا 139 کے مطابق جیسا کہ قابل اطلاق ہے۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ وغیرہ کے معاملے میں، تمام دستاویزات کو قونصل جنرل آف پاکستان سے تصدیق شدہ ہونا چاہیے جو ممبر پر دائرہ اختیار رکھتا ہو۔

5۔ پوسٹل بیلٹ پر دستخط CNIC، NICOP / پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کے دستخط سے مماثل ہونا چاہئے۔

6۔ نامکمل، بغیر دستخط شدہ، غلط، کاٹ کر لکھا ہوا، پھٹا ہوا، مسخ شدہ، دوبارہ لکھا ہوا بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔

NISHAT MILLS LIMITED

NISHAT

نشاط ملز لمیٹڈ

ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر

بروز منگل، 01 دسمبر 2026 کو صبح 11:30 بجے ایمپوریم مال، نشاط ہوٹل، ٹریڈ اینڈ فنانس سنٹر بلاک، نزد ایکسپو سنٹر، عبدالحق روڈ، جوہر ٹاؤن، لاہور، پر منعقد ہونے والے نشاط ملز لمیٹڈ کے غیر معمولی اجلاس عام میں خصوصی کاروبار کے لیے پوسٹ کے ذریعے انتخاب کے لیے۔

چیئرمین کا نامزد کردہ ای میل ایڈریس. chairman@nishatmills.com جس پر صحیح طریقے سے پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جا سکتا ہے۔

شیئر ہولڈر/مشترکہ شیئر ہولڈرز کا نام	
رجسٹرڈ ایڈریس	
فولیو نمبر/سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/انویسٹر آئی ڈی معہ سب اکاؤنٹ نمبر	
ملکیتی حصص کی تعداد	
NICOP, CNIC /پاسپورٹ نمبر (بصورت غیر ملکی) (کاپی منسلک ہو)	
اضافی معلومات اور وضاحتیں (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں)	
مجاز دستخط کنندہ کا نام:	
مجاز دستخط کنندہ کا NICOP, CNIC /پاسپورٹ نمبر (بصورت غیر ملکی) (کاپی منسلک ہو)	

خصوصی قراردادیں

قرار پایا ہے کہ نشاط ملز لمیٹڈ (کمپنی) کے اراکین کی منظوری ہے اور بذریعہ ہذا کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 اور دیگر قابلِ اطلاق دفعات کے تحت، سیکیورٹی جنرل انشورنس کمپنی لمیٹڈ (SGI)، جو ایک متعلقہ کمپنی ہے، میں 250,000,000 روپے تک کی مزید ایکویٹی سرمایہ کاری کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔ یہ سرمایہ کاری SGI کی جانب سے وقتاً فوقتاً کمپنی کو پیش کیے جانے والے رائٹ شیئرز کی سبسکرپشن کے ذریعے کی جائے گی۔

مزید قرار پایا ہے کہ یہ قرارداد اراکین کی منظوری کی تاریخ سے چار (4) سال کی مدت کے لیے مؤثر رہے گی۔ اور کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی طور پر یہ اختیار اور اجازت دی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ قراردادوں پر عمل درآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں، تمام متعلقہ امور، معاملات، دستاویزات اور کارروائیاں انجام دیں، معاہدوں پر دستخط کریں اور انہیں حتمی شکل دیں، نیز تمام ضروری قانونی تقاضے پورے کریں۔

مزید قرار پایا ہے کہ کمپنی کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً کی گئی اپنی ایکویٹی سرمایہ کاری کا کچھ حصہ یا تمام سرمایہ کاری کسی بھی طریقہ کار کے ذریعے فروخت کر سکے۔ مزید یہ کہ جن سرمایہ کار کمپنیوں میں کمپنی نے ایکویٹی سرمایہ کاری کر رکھی ہے، ان کی جانب سے رائٹ شیئرز کی پیشکش کیے جانے پر کمپنی اپنے استحقاق کے تحت ملنے والے رائٹ شیئرز کا کچھ حصہ یا تمام حصص فروخت کرنے یا ان کے حصول سے دستبردار ہونے کی مجاز ہوگی۔ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی طور پر یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ کمپنی اور اس کے اراکین کے بہترین مفاد میں، جب بھی مناسب اور ضروری سمجھیں، سرمایہ کاری سے دستبرداری اور/ یا رائٹ شیئرز کے استحقاق سے دستبردار ہونے کا فیصلہ کر سکیں۔

میں/ہم مندرجہ بالا خصوصی قراردادوں کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا/ اپنے ووٹ استعمال کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر درج ذیل قراردادوں پر اپنی رضامندی یا اختلاف رائے دیتے ہیں: